# کم قیمت میں چیز خرید کر مہنگی بیچنے کا حکم

**مجیب:** ابوشاھد مولانا محمد ماجد علی مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3490

**تاریخ اجراء:** 24رجب المرجب1446ھ /25جنوری2025ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا کوئی چیز کم قیمت میں خرید کر اسے زیادہ قیمت میں بیچنا جائز ہے یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

کسی کے لیے جائز چیز کم قیمت میں خرید کر اسے آگے خریدار کی رضامندی کے ساتھ زیادہ قیمت میں بیچنا جائز ہے بشرطیکہ اس میں دھوکہ و جھوٹ وغیرہ کوئی ناجائز و ممنوع صورت نہ پائی جائے کہ اپنے مال کا ہر شخص کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ اپنی چیز کو باہمی رضامندی کے ساتھ جتنی میں چاہے بیچے، البتہ! یہ خیال رہے کہ اگرچہ شرعاً نفع کی کوئی شرح متعین نہیں، لیکن ایک مسلمان کو چاہیے کہ اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ بھلائی کرتے ہوئے انہیں مناسب ریٹ پر ہی چیز بیچے کہ جس ریٹ کو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے یعنی اگر وہ کسی سے کوئی چیز خریدنے جائے تو کتنی حد تک کا نفع اس سے لیے جانے کو وہ پسند کرے گا، دوسروں سے بھی اسی حد تک نفع لے کہ حدیث پاک میں ہے: "تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک دوسروں کے لیے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔" ان شاء اللہ عزوجل اس طرح کرنے سے دنیوی و اخروی بہت سے فوائد حاصل ہوں گے۔

صحیح بخاری میں ہے "عن أنس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يؤمن أحدكم، حتى يحب لأخيه ما يحب لنفسه" ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "تم میں سے کوئی اس وقت تک کامل مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہ چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ (صحیح بخاری، رقم الحدیث 13، ج 1، ص 12، دار طوق النجاۃ)

فتح القدیر میں ہے "لو باع كاغدة بألف يجوز ولا يكره" ترجمہ: اگر کسی نے کوئی کاغذ ہزار روپے میں بیچا تو جائز ہے اور مکروہ نہیں ہے۔ (فتح القدیر، کتاب الکفالۃ، ج 07، ص 212، دار الفکر، بیروت)

فتاوی رضویہ میں سیدی اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنّت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں: ”اپنے مال کا ہر شخص کو اختیار ہے چاہے کوڑی کی چیز ہزار روپیہ کو دے، مشتری کو غرض ہو لے، نہ ہو نہ لے۔“ (فتاوی رضویہ، ج17، ص98، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net